کتابیاتِ اقبال

رفیع الدین ہاشمی

نیشنل کمیٹی برائے صد سالہ تقریبات ولادت علامہ محمد اقبالؒ

اقبال اکادمی پاکستان

۹۰ - بی - ۲ - گلبرگ ۳ ○ لاہور

ناشر : ڈاکٹر محمد معزالدین
ڈائریکٹر ، اقبال اکادمی پاکستان ، لاہور

طابع : محمد زرین خان

مطبع : زرین آرٹ پریس 61 - ریلوے روڈ ، لاہور

طبع اول : 1977

تعداد : 1100

"اقبالیات کے سلسلے میں جتنی کتابیں شائع ہوئی ہیں ، اُن سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے بعض اصحاب نے کتابیات (Bibliography) کی مختصر فہرستیں تیار کی ہیں جو ناتمام اور نامکمل ہیں - - - - اقبالی تصانیف کو سمجھنے کے لیے حوالہ اور استناد کی کتابیں سب ہر معدم ہیں - - - - اقبالیات پر کتابیات کی ایک جامع و مانع فہرست ، جو تمام زبانوں میں شائع شدہ کتب پر مشتمل ہو ، کی تالیف و تدوین کا کام جلد شروع ہو جانا چاہیے ۔"

—— قاضی احمد میاں اختر جونا گڑھی ،

۱۹۵۵ء

شاعرِ مشرق

کی یاد میں

میں وہ محروم کہ پایا نہ زمانہ تیرا
تو وہ خوش بخت کہ جو میرے زمانے میں نہیں
(خورشید رضوی)

مرتب : رفیع الدین ہاشمی

ولادت : یکم اپریل ۱۹۴۲ء

تعلیم : ایم ۔ اے اُردو (اوّل بدرجہ اوّل) ۱۹۶۶ء

حال : اسسٹنٹ پروفیسر ، شعبۂ اُردو
گورنمنٹ کالج ، سرگودھا

تصانیف

(۱) اقبال کی طویل نظمیں	دسمبر ۱۹۷۴ء
(۲) سرور اور فسانۂ عجائب	اکتوبر ۱۹۷۴ء
(۳) کتب اقبالیات	دسمبر ۱۹۷۵ء
(۴) اصناف ادب	فروری ۱۹۷۶ء
(۵) خطوط اقبال (ترتیب و حواشی)	اگست ۱۹۷۶ء
(۶) اقبال ، بحیثیت شاعر (ترتیب و حواشی)	مارچ ۱۹۷۷ء
(۷) کتابیات اقبال	نومبر ۱۹۷۷ء

ترتیب

—— تفصیل اگلے صفحے پر ملاحظہ کیجیے ——



علامہ محمّد اقبالؒ

(۱۸۷۷ــــ۱۹۳۸)

کتابیاتِ اقبال

اُردو ، فارسی اور انگریزی میں علامہ اقبال کی تصنیفات نظم و نثر ـــ مکمل اور جزوی مطبوعہ نسخوں کے کتابیاتی کوائف ـــ ۹۱ کتابوں کی ۱۳۸ اشاعتوں کی تفصیل ۔

دنیا کی بیس زبانوں اُردو ، اطالوی ، انڈونیشی ، انگریزی ، بنگالی ، پشتو ، پنجابی ، ترکی ، جرمن ، چیک ، چینی ، سندھی ، سویڈش ، عربی ، فارسی ، فرانسیسی ، کشمیری اور گجراتی میں علامہ اقبال کی مکمل تصنیفات ، متفرق و منتخب منظومات اور مختلف خطبات کے منظوم و منثور تراجم ـــ ۱۳۴ کتابوں کے کتابیاتی کوائف ۔

(ازبک اور تاجیک زبانوں میں تراجم کے لیے ضمیمہ ملاحظہ کیجیے) ۔

پیش لفظ

(۱)

کتابیات اور اشاریہ سازی مسلمانوں کے لیے کوئی نیا ادبی عمل نہیں۔ اس روایت کی تشکیل و تعمیر میں مسلمان علماء و فضلا کی کارگزاری کا نقش آج تک مسلّم ہے۔ حاجی خلیفہ کی "الفہرست" اُس کتابیات نگاری کے طویل عمل کا حصہ ہے جسے مسلمانوں نے اپنے دورِ عروج میں حرزِ جان بنائے رکھا۔ صحرائے عرب سے نکل کر دیگر ممالک میں جب مادی اور روحانی فیوض و برکات کو عام کیا گیا تو قرآنِ کریم کے مطالعے سے مذہبی علوم کا ایک عظیم الشان شاخ در شاخ رقبہ سامنے آیا جس میں قرآنِ پاک کے اشاریے اور موضوع وار مجموعے بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ بعد کی صدیوں میں یورپ کے فضلا نے اشاریہ سازی اور کتابیات کی تدوین کو زیادہ سائنٹیفک بنیادوں پر استوار کیا۔ بیسوی صدی میں یہی مغربی روایت اقوام مشرق نے اپنائی تو گویا یہ عمل اقبال کی زبان میں کسی نئی علمی روایت کو اپنانے کا بندوبست نہ تھا بلکہ اپنے ہی فراموش شدہ سرمائے کی بازیافت کا عمل تھا۔ یہ صحیح ہے کہ مسلمانوں کے ہاں قرآنی علوم کی ان ذیلی اور ضمنی شاخوں پر وہ توجہ صرف نہ ہوئی جو بنیادی اور اساسی علوم کے حصے میں آئی تھی اس لیے فنون کے یہ دوائر اس سائنٹیفک طریقِ کار کے اعلیٰ نمونے ثابت نہ ہو سکے اور یورپ کے علمائے فن نے ان میں جو باریکیاں پیدا کیں، ان سے علم و فن کے یہ میدان زیادہ وقیع اور کارآمد ہو گئے۔ لائبریری سائنس کی ترقی اور کلاسی فکیشن کے

جدید معیاروں نے کتابیات کے فن کو زیادہ جامع اور مستقل علم کی شکل دے دی ۔ اس لحاظ سے گویا مغرب کے احسانات کو بھی آسانی سے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔

(۲)

اُردو میں جن اکابر کی کتابیات پر توجہ رہی ہے ان میں غالب اور اقبال سب سے زیادہ خوش نصیب تھے ۔ یوں تو سرسیّد احمد خاں ، حالی اور شبلی کے بعد فانی اور اصغر تک کی کتابیات کی تدوین ہوئی لیکن غالب اور اقبال خاص طور پر محققوں کی توجہ کے مرکز رہے ۔ اقبال و غالب ان خوش نصیب ادباء میں سے ہیں جن کے علم و فن کے بارے میں کتابوں اور مقالات کا ایک وافر ذخیرہ موجود ہے اس لیے ان کے بارے میں کتابیات کی فہرستیں زیادہ طویل اور ضخیم ہیں ۔ اقبال کو ایک ادیب اور شاعر کے علاوہ مفکّر اور راہنما کی حیثیت بھی حاصل ہے ۔ اس لیے ان کے بارے میں مقالات اور کتب کی تعداد غالب کے مقابلے میں زیادہ ہے ۔ اقبال شناسوں نے جہاں ان کے فکر اور شاعری کو موضوعِ بحث بنایا وہاں ان کے متفرق کلام اور تحریروں کی تدوین کو بھی ایک اہم علمی فریضے کے طور پر اختیار کیا ۔ وہ ان خوش قسمت ادباء میں سے ہیں جن کے کلام کی شرحیں بھی لکھی گئیں اور دنیا کی مختلف زبانوں میں تراجم بھی ہوئے ۔ اس طرح کتابیاتِ اقبال چار اہم اجزا کا مجموعہ ہے ۔ ایک حصہ تو خود ان کی کتابوں کی مختلف اشاعتوں پر مشتمل ہے ۔ دوسرے حصے میں غیر مدوّن کلام آتا ہے ۔ تیسرا حصہ تراجم کے لیے وقف ہے اور چوتھے میں اقبال پر لکھی گئی کتابیں ، جرائد میں شائع شدہ مقالات ، ہفت روزوں اور روزناموں میں شامل مضامین ہیں ۔ سب سے زیادہ مشکل حصہ اقبال کے بارے میں جرائد و اخبارات میں شائع شدہ مواد ہے ۔ اس رقبے کی وسعت کی بنا پر ماہرین کی تلاش و جستجو نے مختلف کتابیات کی شکل اختیار کی لیکن ماہرین کی تلاش روزناموں کی منزل پر آ کر تشنگی کا احساس چھوڑ گئی اور یہ حصہ خاص اکثر کتابیات کے مجموعوں میں ناقص اور نا مکمل ہے ۔

(۳)

کتابیات اقبال میں زمانی اعتبار سے سب سے زیادہ قدیم وہ فہرست ہے جسے عبدالغنی اور خواجہ نور الٰہی نے ۱۹۵۴ء میں شائع کیا ۔ اس فہرست کا دائرہ اروپائی منابع تک محدود تھا ۔ اقبال کی جملہ تصانیف کی فہرست کے بعد یورپی زبانوں میں شائع ہونے والی کتابوں اور اہم علمی رسائل اور مجموعوں کو اس فہرست کا موضوع قرار دیا گیا ۔ اس میں مواد کی ترتیب اسم وار کی گئی ہے لیکن فراہمیٔ مواد کی مہم پنجاب پبلک لائبریری اور ایک دو دوسرے اداروں تک محدود رہی ۔ اس لیے ۱۹۵۴ء تک شائع ہونے والی جملہ مغربی کتب و اروپائی مقالات اس میں شامل نہیں ہو سکے ۔ چنانچہ اس ذخیرے میں کئی اہم اندراج رہ گئے ہیں مثلاً :

1. Fifteenth Anniversary of Iqbal : *Indian Art and Letters.* N.S. 27 (1953) pp. 25-32.

2. Nallino, M., *Recente eco Indo-Persion dello "Divine Comedia"* Muhammad Iqbal *O.M.* 12 pp. 610-612.

3. Rehmat Ali, *Liste Chronologique des oeuvres d' Iqbal (1876-1938) RE* 1, 194). pp. 87-92.

4. Riaz-ul-Hasan, *The Poeta Musalmano Mohd. Iqbal (1873-1938) O M.* (1940) pp. 605-623.

5. Three poems of Iqbal, *Indo-Asian Culture* 2 (*1953-54*) pp. 37-38.

۱۹۵۵ء میں قاضی احمد میاں اختر جونا گڑھی نے کتابیات کے تجزیاتی مطالعے کی داغ بیل ڈالی ۔ ''اقبالیات کا تنقیدی جائزہ'' کی اشاعت کتابیاتِ محض کے بجائے موضوعاتی تجزیے کا احاطہ کرتی ہے ۔ اس میں نہ صرف بعض اہم اُردو کتابوں پر تفصیلی بحث آئی ہے بلکہ اس بات کا بھی خاص اہتمام کیا گیا کہ غیر ملکی زبانوں میں شائع ہونے والی کتابوں اور مضامین کا تذکرہ بالالتزام کیا جائے ۔

۱۹۶۳ء میں ''کلیدِ اقبال'' شائع ہوئی یہ بھی متذکرہ بالا انگریزی کتابیات کی طرح ایک لائبریرین ہی کے ذوق و شوق کا نتیجہ ہے اس میں پہلی بار علامہ کے بارے میں اُردو کتابوں ، جرائد اور اخبارات کو سامنے رکھا گیا ۔ لیکن احتیاطِ کامل کا وہ اہتمام برقرار نہیں رہا جو عبدالغنی اور خواجہ نور الٰہی نے کیا تھا کوشش کی گئی ہے کہ فہرست میں روزناموں سہ روزوں ، ہفت روزوں ، پندرہ روزوں اور ماہناموں کو زیادہ سے زیادہ نمایندگی دی جائے ۔ یہی پھیلاؤ مؤلف کے لیے مشکل کا سبب ہو گیا ہے کوئی ایک دائرۂ صحافت بھی پوری طرح گرفت میں نہ آ سکا ۔ خصوصاً مختلف کالجوں میں شائع ہونے والے میگزین جن کی تعداد بے شمار ہے ، نہایت محدود تعداد میں یہاں رسائی حاصل کر پائے ہیں ۔ حصہ اُردو کے مقابلے میں انگریزی حصہ کسی قدر جامع ہے ۔ اشاریے کا حصہ ناقص ہے ۔ موضوعات و مصنفین کے اشاریے موجود ہیں ۔ اس لیے کسی موضوع خاص کو تلاش کرنے کے لیے پوری کتاب کی ورق گردانی ضروری ہو جاتی ہے اور یہ خامی اس سے قبل شائع ہونے والی فہرستوں میں بھی پائی جاتی ہے ۔

چوتھی کتابیات مرتبہ خواجہ عبدالوحید ۱۹۶۵ء میں شائع ہوئی ۔ اسے دوسری کتابوں کے برعکس رومن میں ترتیب دیا گیا غالباً غیر ملکی محققین کی سہولت پیشِ نظر تھی ۔ یہ فہرست جامعیت کے اعتبار سے پچھلی کتابوں پر فوقیت لے گئی ہے ۔ چنانچہ صرف کتابوں کے اندرجات ۹۲۲ ہیں ۔ نیز اس میں پہلے کی شائع شدہ فہرستوں کی نمایاں غلطیاں درست کر دی گئی ہیں لیکن جملہ مواد کو سمیٹنے کی کوشش میں کہیں کہیں بعض نئے تسامحات بھی در آئے ہیں ۔ ترتیب میں بعض غلطیاں اس بناء پر سرزد ہوئی ہیں کہ مؤلف لائبریری کے طریقِ کار پر وہ ماہرانہ دسترس نہیں رکھتے تھے جو بعض دوسرے اصحاب کو حاصل تھی ۔

خواجہ عبدالوحید کی کتابیات کی بعض اغلاط کی درستی رفیع الدین ہاشمی کی مرتبہ ''کتب اقبالیات'' میں کر دی گئی ۔ یہ ۱۹۷۵ء میں شائع ہوئی ، اس میں نہ صرف سابقہ منابع کی غلطیاں درست کر دی گئی ہیں بلکہ اقبالیات کے موضوع کو ۱۹۷۵ء تک سمیٹ لیا گیا ہے ۔ وہ

اندراجات قابل توجہ ہیں جن میں سابقہ کتابیات کے بعض اندراجات کی تصحیح کی گئی ہے۔ اب اندراجات کی تعداد ۳۶۰ ہو گئی ہے۔ فہرست میں اخبارات و رسائل کے مضامین کو شامل نہیں کیا گیا بلکہ یہ کوشش کی گئی ہے کہ حدود کو معیّن کر کے اسے زیادہ سے زیادہ مکمل کیا جائے۔ اور یہی طریق کار مناسب بھی تھا۔

۱۹۷۶ء میں ہندوستان سے عبدالقوی دسنوی نے بھی ایک فہرست تیار کی جو کتابی صورت میں شائع ہو چکی ہے۔ اس میں وہ اندراجات خاص طور پر اہم ہیں جن کا تعلق ہندوستان سے ہے۔ پاکستان میں شائع ہونے والی کتابوں کے بارے میں عبدالقوی کی معلومات کو کسی طرح مکمل قرار نہیں دیا جا سکتا۔

کتابیات کے اس سرمائے کے بعد اس بات کی ضرورت تھی کہ پورے ادب کا نئے سرے سے جائزہ لیا جائے اور کتابیات کی حدود کو کسی قدر مُعیّن کر کے زیادہ سے زیادہ مکمل کرنے کی کوشش کی جائے۔ ہاشمی صاحب نے اپنی اس فہرست سے اخبارات و جرائد کو خارج کر دیا ہے، نیز ادب کی تاریخیں اور مقالات کے مجموعے بھی شامل نہیں کیے۔ وہ حوالے جن میں علامہ اقبال کا مختصر ذکر (کسی ترجمے کے تحت یا کسی مضمون کی صورت میں) تھا، اس فہرست کا حصہ نہیں بنائے گئے۔ اس طرح اقبال کی زندگی میں اور بعد میں شائع ہونے والے Who's Who بھی شریک نہیں۔ اخباری مضامین بھی اور کالجوں کے میگزین بھی شمار میں نہیں آئے۔ اس میں البتہ اتنی لچک رکھی گئی ہے کہ علامہ پر شائع ہونے والے مقالات کے پورے مجموعے اور رسائل کے ''اقبال نمبر'' ضرور شریک کیے گئے ہیں۔ گویا مجموعی اعتبار سے اس کتابیات کا موضوع علامہ اقبال کی کتابوں کے علاوہ وہ جملہ کتابیں ہیں جو کسی بھی زبان میں اقبال پر تحریر ہوئیں۔

حدود کو اس طرح مُعیّن کرنے کی وجہ سے ہاشمی صاحب کو یہ سہولت میسّر ہوئی کہ وہ کتابیاتِ اقبال کے اہم پہلوؤں کو زیادہ مکمل

طور پر پیش کرنے میں کامیاب ہوئے ۔ یہ کتابیات ایک لحاظ سے وضاحتی فہرست بھی ہے ۔ کیونکہ اس میں صرف کتاب کا نام ، مصنف ، بریس یا ناشر اور تعدادِ صفحات ہی نہیں بلکہ ہر کتاب کے مُحتویات کو بھی مجمل طور پر درج کیا گیا ہے ۔ جا بجا منعلقہ تحقیقی اور عملی مسائل بھی بیان ہوئے ہیں ، بڑی بڑی فروگزاشتوں کی نشان دہی کر دی ہے اور بعض اہم نکات کا حلاصہ بھی بیان ہوا ہے ۔ موجودہ صورت میں ہاشمی صاحب کی یہ کتاب اپنی معیّنہ حدود کے باوصف اس لحاظ سے ایک اہم کتاب ہے کہ اقبالیات کے جن پہلوؤں کو درج کیا گیا ہے ان کی امکانی حد تک تکمیل ہو گئی ہے ۔

کتاب کے وہ حصے خاص طور پر بہت اہم ہیں جن کا تعلق حیاتِ اقبال کے واقعات و سنین سے ہے ۔ مؤلف نے سابقہ مصنفین کی غلطیوں کو بیان کرنے تک اپنے آپ کو وقف نہیں کیا بلکہ تجزیاتی انداز میں بعض اغلاط کی وضاحت کرنے کے علاوہ اصل مصادر کی نشان دہی بھی کی ہے ۔ اقبال کی کتابوں کے سننِ اشاعت کے تعیّن میں انھوں نے بڑی محنت کا ثبوت دیا ہے اور ایک ماہر فہرست ساز کی طرح محض دوسروں کی اطلاعات پر بھروسہ نہیں کیا بلکہ خود اصل کتابوں سے اندراجات کا مقابلہ کر کے صحت کا اعلیٰ معیار قائم کیا ہے ۔

اس کتاب کا سب سے کامیاب پہلو مختلف زبانوں میں کلامِ اقبال کے تراجم میں ۔ تراجم کی فہرست اس حد تک مکمل صورت میں اس سے پہلے کبھی شائع نہیں ہوئی ۔ کتاب کا دوسرا اہم حصہ ایم ۔ اے اور پی ایچ ۔ ڈی کے تحقیقی مقالات ہیں ۔ خود ہاشمی صاحب کے لیے یہ نیا چیلنج تھا جسے انھوں نے امکانی حد تک پورا کیا ہے ، ممکن ہے اطلاعات کے اس صیغے میں کچھ کمی رہ گئی ہو ، جسے آنے والے محققین پورا کریں گے ۔ لیکن بحالتِ موجود یہ حصہ قابلِ قدر ہے ۔

رفیع الدین ہاشمی کی ''کتابیاتِ اقبال'' اب تک اقبال پر شائع ہونے والی کتابوں کی غالباً مکمل ترین فہرست ہے ۔ کیا بلحاظ ترتیب اور کیا

بلحاظ اشاریے ۔ اس کتاب کو اقبال صدی کے موقع پر شائع ہونے والی کتابوں میں بلاشبہ چند اہم کتابوں میں سے شمار کیا جا سکتا ہے ۔

وحید قریشی
غالب پروفیسر ، شعبۂ اُردو
پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج
لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ مرتّب

کتابیات اور اشاریہ سازی کی روایت ہمارے ہاں کچھ زیادہ مستحکم نہیں ہے ۔ اُردو میں تاحال میر تقی میر ، مرزا غالب ، سر سیّد احمد خاں ، میر انیس ، شبلی نعمانی ، سیّد سلیمان ندوی ، علامہ اقبال ، ابوالکلام آزاد ، مولوی عبدالحق ، نیاز فتح پوری ، امتیاز علی عرشی ، ڈاکٹر سیّد عابد حسین ، مسعود حسین رضوی ادیب ، مالک رام اور بعض دوسرے مشاہیر ادب پر کتابیات اور اشاریے تیار کیے گئے ہیں ۔ نیشنل بک سنٹر آف پاکستان (حال : نیشنل بک کونسل آف پاکستان) نے سلسلہ ''جامع فہرست مطبوعات پاکستان'' کے تحت مختلف اصنافِ ادب کی متعدد کتابیات شائع کی ہیں ۔ ایک محدود دائرے میں یہ ایک مفید کام ہے تاہم ان فہارس کو ''جامع'' قرار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ یہ (۱۹۴۷ء کے بعد) صرف پاکستان میں شائع ہونے والی اُردو کتابوں کے حوالوں پر مشتمل ہیں ۔

مجموعی طور پر اُردو ادب کے ''دو بڑوں'' یعنی غالب اور اقبال کی کتابیات پر نسبتاً زیادہ توجہ دی گئی ہے ۔ کتابیاتِ غالب کا بیشتر کام غالب صدی کے موقع پر ہوا تاہم علامہ اقبال کی کتابیات اقبال صدی کی

آمد سے بہت پہلے تیار کی گئیں ۔ کتابیاتِ اقبال کے سلسلے میں جو کام ہوا ، وہ دیگر مشاہیر ادب پر کتابیات کے مقابلے میں تو خاصا زیادہ ہے مگر اقبال جیسے فلسفی ، شاعر اور مفکر کی عظیم شخصیت اور ان کے بارے میں شائع ہونے والے اقبالیاتی ادب کے وسیع ذخیرے کے پیشِ نظر یہ کام حوصلہ افزا نہیں ہے ۔

علامہ اقبال پر ، تاحال مندرجہ ذیل کتابیات تیار کی گئی ہیں :

(۱) A Bibliography of Iqbal ، ۱۹۵۴ء

علامہ اقبال پر سب سے پہلی مفصل کتابیات عبدالغنی اور خواجہ نور الٰہی کی مشترکہ پیش کش ہے جو پہلے بزمِ اقبال لاہور کے مجلہ ''اقبال'' (جولائی ۱۹۵۴ء) میں شائع ہوئی ۔ بعد ازاں اسے بزمِ اقبال لاہور نے کتابی شکل میں شائع کیا ۔ سولہ صفحات کی یہ کتابیات دو حصوں پر مشتمل ہے :

(الف) اقبال کی تصانیف و تحریریں (فارسی ، اُردو ، انگریزی) ۔
(ب) اقبال پر کتب و مضامین ۔

یہ کتابیات (بجز اقبال کی اُردو اور فارسی تصانیف کے) صرف انگریزی کتب و مقالات کے حوالوں تک محدود ہے ۔ بعض اندراجات کے ساتھ توضیحی اشارات (Annotations) بھی دیے گئے ہیں ۔ یہ ببلوگرافی مختصر ہے تاہم مرتبین نے حوالوں کی صحت و استناد کا اہتمام کیا اور انھیں سلیقے سے مرتّب کیا ہے ۔ اندراجات کی کل تعداد ۲۶۶ ہے جس میں ۳۹ حوالے کتابوں کے ہیں اور باقی مقالات و مضامین کے ۔

(۲) کلیدِ اقبال ، ۱۹۶۳ء

اسے سنٹرل لائبریری بہاول پور کے لائبریرین ملک نذیر احمد نے محمود اختر سعید اور ملک محمد سلیم کے تعاون سے مرتّب کیا اور اُردو اکادمی بہاول پور نے شائع کیا ۔ کتاب پر سن اشاعت درج نہیں تاہم اندازہ ہے کہ ۱۹۶۲ء یا ۱۹۶۳ء میں طبع ہوئی (کیونکہ اس میں ۱۹۶۱ء کے بعد کا کوئی حوالہ درج نہیں ہے) مرتّب نے وضاحت نہیں کی اور نہ آغاز میں

کوئی ایسی فہرست ہے جس سے اندازہ ہو سکے کہ مشمولاتِ کتاب نیز حوالوں کی ترتیب میں مرتب نے کن اعتبارات و ترجیحات کو پیشِ نظر رکھا ہے۔ ''کلیدِ اقبال'' کا حصہ اُردو ۳۶۹ صفحات پر اور انگریزی حصہ ۶۹ صفحات پر مشتمل ہے۔ اُردو حصے میں حوالوں کے اندراجات مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت کیے گئے ہیں :

(الف) کتب از اقبال

(ب) مضامین از کتب

(ج) مضامین از اخبارات

اور انگریزی حصے کے عنوانات اس طرح ہیں :

(*a*) Books on Iqbal

(*b*) Books and Articles in English Books on Iqbal

(*c*) Articles from English Newspapers

''کلیدِ اقبال'' میں مضامین و مقالات سے قطع نظر کتابوں کے ۲۲۹ (اردو : ۱۶۷ - انگریزی : ۶۲) اندراجات ملتے ہیں۔

''کلیدِ اقبال'' کے مرتب پیشے کے اعتبار سے ایک لائبریرین ہیں۔ مگر اُنھوں نے نہ تو کتابیات کی ترتیب میں اور نہ حوالوں کے اندراجات میں احتیاط اور ذمہ داری سے کام لیا مثلاً :

''کتب از اقبال'' کے تحت اقبال کے بعض تراجم، باقیات و متروکاتِ نظم و نثر نیز متفرق مضامین کے حوالے بھی درج کیے گئے ہیں۔ اسی طرح ''مضامین از کتب'' کے حصے میں مضامین کے حوالوں کے ساتھ بہت سی کتابوں کے حوالے گڈ مڈ کر دیے گئے ہیں۔

اُردو اور انگریزی دونوں حصوں میں بیسیوں اندراجات غلط اور بہت سے نامکمل ہیں۔ بعض اوقات ایک ہی حوالے کو اُردو

اور انگریزی حصوں میں دو تین مقامات پر درج کیا گیا ہے۔
بعض اُردو حوالے انگریزی حصے میں درج ہیں ۔ مرتّب نے
بعض حوالوں کے ساتھ توضیحی اشارات دیے ہیں مگر ان میں
یکسانیت نہیں ہے ۔

○ بعض حوالے محض قیاس کی بنیاد پر درج کر دیے گئے مثلاً حصہ انگریزی میں ڈاکٹر شمل کی کتاب *Gabriel's Wing* کو "بالِ جبریل" کا ترجمہ بتایا گیا ہے ۔ (ص ۹)

○ بعض ایسی کتابوں کے حوالے بھی ملتے ہیں جو کبھی شائع ہی نہیں ہوئیں مثلاً سیّد نذیر نیازی کی "ارشادات و تصریحات" (ص ۹۶)، *Talks With Iqbal* اور *Iqbal and Nietzche* (انگریزی حصہ ص ۲۳) اور ظہیر الدین احمد الجامعی کی "حکمتِ اقبال" (ص ۹۷) ۔

اس نوع کی خامیوں کے باوجود "کلیدِ اقبال" کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا ۔ کیونکہ سلسلہ کتابیاتِ اقبال میں یہ سب سے پہلی مفصل ببلو گرافی ہے ۔

(۳) A Bibliograpy of Iqbal ، ۱۹۶۵ء

خواجہ عبدالوحید (K.A. Waheed) کی مرتّبہ یہ کتابیات چھ حصوں میں منقسم ہے :

(۱) حوالہ جاتی کتابیں ۔

(۲) اقبال کی تحریریں ۔

(۳) اقبال کے تراجم اور شرحیں ۔

(۴) اقبال پر کتابیں اور کتابچے ۔

(۵) مضامین در کتب ۔

(۶) منظومات و مضامین بہ سلسلہ اقبال ۔

مرتّب نے اقبال سے متعلق مختلف زبانوں میں مطبوعہ کتابوں ، رسائل اور مقالات و منظومات وغیرہ کے حوالے جمع کیے ہیں ۔ کتابوں کے اندراجات کی عداد ۲۲۹ ہے (یہ تعداد ''کلیدِ اقبال'' کے برابر ہے) ۔ کتابیات کا بقیہ تقریباً تین چوتھائی حصہ متفرق مضامین و مقالات کے اندراجات پر مشتمل ہے ۔ اندراجات میں بعض تسامحات ملتے ہیں مثلاً :

- ''حرفِ اقبال'' اور ''خطباتِ اقبال'' کے حوالے (ص ۲۲) ''تراجم ِ اقبال'' کے تحت درج کرنے تھے ۔ مگر انھیں ''اقبال کی تحریروں'' کے تحت درج کیا گیا ہے ۔ مزید برآں ''خطباتِ اقبال'' نام کی کوئی کتاب موجود ہی نہیں ۔ نہ اصل نہ ترجمہ ـــــ خطبات کے اُردو ترجمے کا عنوان ہے ''تشکیلِ جدید الٰہیاتِ اسلامیہ'' ۔

- ص ۲۲ پر علامہ اقبال کے مرتّبہ سلسلۂ اُردو کورس کی تین کتابوں میں سے صرف ایک کتاب کا حوالہ درج کیا گیا ہے ۔

- ص ۲۶ پر ''اسرارِ خودی'' اور ''رموزِ بے خودی'' کے جو تراجم (از : سمندر خان) ''بلوچی'' کے تحت درج کیے گئے ہیں وہ بلوچی ترجمے نہیں بلکہ پشتو ترجمے ہیں ۔

- کلامِ اقبال کے انڈونیشی ترجمے (از : رنگ کوتی) کو فرانسیسی ترجمے کے تحت درج کیا گیا ہے ۔ (ص ۵۶)

- ص ۵۳ پر سیّد بادشاہ حسینی (صحیح نام : سیّد بادشاہ میاں حسینی) کی کتاب *Iqbal's Plagiarism* کے ساتھ وضاحت کی گئی ہے کہ یہ کتاب ''اقبال پر خلیفہ عبدالحکیم کے جملوں کے جواب'' میں لکھی گئی ہے ۔ حالانکہ متذکرہ بالا کتاب ایوننگ ٹائمز کراچی میں شائع ہونے والے چند مراسلات پر مشتمل ہے جن کا موضوع ہے : ''کیا اقبال کا فلسفہ برگساں سے ماخوذ ہے ؟'' ـــــ خلیفہ عبدالحکیم کی ''اقبال اور مُلا'' کے جواب میں منشی عبدالرحمٰن خاں نے ''اقبال اور مسٹر'' لکھی تھی ۔

○ مرتب نے ابتدائی ابواب میں تو اہتمام کیا ہے کہ مستقل اور مکمل کتابوں کے حوالوں اور متفرق مقالات ، خطوط ، منظومات اور دیگر تحریروں کے حوالوں کے اندراجات الگ الگ حصوں میں کیے جائیں مگر بعد کے ابواب میں دونوں طرح کے حوالوں کو گڈ مڈ کر دیا گیا ہے ۔

اس نوع کے تحقیقی کام میں ایسی غلطیوں اور خامیوں سے پوری طرح دامن بچا لینا قریب قریب ناممکن ہوتا ہے ۔ لہٰذا چند غلطیوں اور خامیوں کے باوجود خواجہ عبدالوحید کی اس جامع کتابیات کی اہمیت کم نہیں ہوتی کتابیات انگریزی زبان میں ہے مگر ایسے انگریزی دان اہلِ علم ، جو اُردو زبان سے نابلد ہیں ، اس سے شاذ ہی استفادہ کر سکیں گے کیونکہ اُردو کتب و مقالات کے عنوانات اُردو میں ہی (رومن حروف میں) درج کیے گئے ہیں ۔

(۴) Iqbal Bibliography 1965-75 ، ۱۹۷۵ء

محمد اسلم کی مرتبہ یہ کتابیات ایم ۔ اے کے امتحانی مقالے کی شکل میں ہے اور تاحال غیر مطبوعہ ہے ۔ اس کا انگریزی حصہ ۴۴ صفحات اور اُردو حصہ ۶۰ صفحات پر مشتمل ہے ۔ اس میں ۱۹۶۵ء سے ۱۹۷۵ء تک (گیارہ برس) کے عرصے میں اقبالیات پر شائع ہونے والی کتابوں ، پمفلٹوں اور اخبارات و رسائل میں مطبوعہ مضامین کے حوالے جمع کیے گئے ہیں ۔ (البتہ علامہ اقبال کی تصانیف اور تحریروں کے حوالے ان میں شامل نہیں کیے گئے) کتابیات کی ترتیب اس طرح ہے :

(الف) انگریزی حصہ :	اقبال پر کتابیں	۲۴ حوالے
	اقبال پر مقالات	۸۸ حوالے
(ب) اُردو حصہ :	اقبال پر کتابیں	۹۴ حوالے
	اقبال پر مقالات	۹۱۵ حوالے

مرتّب نے آغاز میں سابقہ کتابیات کا جائزہ لیتے ہوئے اُن کی بعض غلطیوں کی نشاندہی کی ہے ۔ اس کتابیات کے تمام تر حوالے اُردو اور انگریزی زبان میں مطبوعہ کتابوں اور تحریروں کے ہیں سوائے ڈاکٹر عبدالقادر قراحان کی ایک ترکی کتاب کے (ص ۲۲) ۔

مرتّب نے یہ کتابیات ایم ۔ اے لائبریری سائنس کے امتحان (منعقدہ ۱۹۷۵ء) کے لیے تیار کی تھی ۔ اس تیاری میں انھوں نے لائبریری سائنس کے فنی اصولوں کو پیش نظر رکھا ۔ دیباچے میں ان کتابوں کے حوالے بھی دیے گئے ہیں ، جن سے یہ فنی اصول اخذ کیے گئے مگر ان اصولوں کے عملی اطلاق میں مرتّب سے متعدد کوتاہیاں سرزد ہوئی ہیں ۔ ایک ہی مصنف کے نام کو دو مختلف طریقوں سے لکھا گیا ہے ۔ مثلاً حصہ اُردو میں : خواجہ محمد زکریا (ص ۲۱) اور زکریا ، خواجہ محمد (ص ۲۹) ، مشفق خواجہ (ص ۵۲) اور خواجہ ، مشفق (ص ۲۱) ، عبدالعزیز کمال (۳۲) اور کمال ، عبدالعزیز (ص ۵۴) ، خواجہ عبدالرحیم (ص ۲۰) اور عبدالرحیم خواجہ (ص ۳۲) ـــــ حصہ انگریزی میں : جسٹس ایس ۔ اے رحمان کی کتاب *Iqbal and Socialism* کا دہرا اندراج ملتا ہے ۔ ایک بار Abdur Rehman, Shiekh کے تحت (ص ۲۲) اور دوسری بار Rehman, S. A. کے تحت (ص ۲۳) ـــــ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک ہی مصنف کی تحریروں کے حوالے یکجا آنے کے بجائے مختلف مقامات پر بکھرے ہوئے ملتے ہیں ۔

مرتّب نے مصنفین کے ناموں کی صحت سے بھی غفلت برتی ہے مثلاً افضل حق قرشی کو ایک بار ''قریشی ، افضل حسن'' (ص ۱۲۴) اور دوسری جگہ ''قریشی ، افضل حق'' (ص ۴۰) لکھا ہے ۔ خالد نظیر صوفی کو ایک جگہ ''صوفی ، خالد نظر'' اور دوسری مرتبہ ''صوفی ، نظر'' لکھا ہے ۔ حکیم احمد شجاع کو ''کیم ، احمد شجاع'' (ص ۵۴ یہ ٹائپ کی غلطی نہیں ہے کیونکہ اس کا اندراج ''ک'' کے تحت ہوا ہے) اور Farooqi, Abbadullah (عبادالله فاروق) کو Farooqi, Abdullah (عبدالله فاروق) لکھا ہے ۔

انگریزی حصے میں کلامِ اقبال کے ایک انگریزی ترجمے ***A Message from the East*** کو اقبال ، سر شیخ محمد کے تحت درج کیا ہے (ص ۲۲) جب کہ کلامِ اقبال کے ایک ترجمے کا اندراج مترجم کے نام یعنی Shah, A.A. کے تحت ہوا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان دونوں میں سے کسی ایک حوالے کا اندراج غلط جگہ ہوا ہے۔ اوّل الذکر حوالے کے سلسلے میں یہ وضاحت ضروری ہے کہ ۱۹۷۱ء میں اقبال اکادمی پاکستان کراچی سے شائع ہونے والی کتاب *A Message from the East* ، پیامِ مشرق کی منتخب نظموں کا انگریزی ترجمہ ہے جس کے مترجم ایم۔ ہادی حسین ہیں (کتاب پر بھی یہی نام درج ہے)۔ مرتّب نے نامعلوم کیونکر اس حوالے کو Vahid, S. A. کے تحت درج کیا ہے ـــــ اُردو حصے میں کراچی سے مطبوعہ ''اقبال کا فلسفۂ حیات و موت'' کو رضی الدین صدیقی کی تصنیف بتایا گیا ہے ۔ دراصل اس کے مصنفین محمد حسن الاعظمی اور الصاوی علی شعلان ہیں ۔ رضی الدین صدیقی کی تصنیف کا نام ہے ''موت و حیات ، اقبال کے کلام میں'' ۔

زیرِ نظر کتابیات میں کتابوں کے ۱۱۲ حوالے اور مضامین کے ۹٦۳ حوالے جمع کیے گئے ہیں مگر راقم کے خیال میں زیر مطالعہ عرصے میں اس سے کہیں زیادہ کتابیں اور مضامین شائع ہوئے ہیں ـــــ آغاز میں مرتب نے سابقہ کتابیات کا جائزہ لیا ہے اور اُن کی بعض غلطیوں کی نشاندہی کی ہے ۔

(۵) کتب اقبالیات ، ۱۹۷۵ء

''کتب اقبالیات'' (مرتّبہ : رفیع الدین ہاشمی) مضامین و مقالا[ت] سے قطع نظر ، صرف کتابوں کے حوالوں پر مشتمل ہے یعنی اقبالیات [سے] متعلق صرف ایسی کتابیں جو :

(۱) خواجہ عبدالوحید کی *A Bibliography of Iqbal* (مطبو[عہ] ۱۹٦۵ء) کے بعد شائع ہوئیں اور سابقہ کتابیات میں اُن [کا] اندراج نہیں ہے ۔

(۲) ۱۹۶۵ء میں یا اس سے پہلے شائع ہوئیں مگر ان کا حوالہ کسی مطبوعہ کتابیات میں درج نہیں ہے یا اگر درج ہے تو نامکمل یا غلط ہے ۔

(۳) کسی کتاب کے صرف ان ایڈیشنوں کا حوالہ ہو کسی سابقہ کتابیات میں موجود نہیں اس اعتبار سے یہ کتابیات ، کتابوں کی حد تک اقبال کی سابقہ مطبوعہ کتبِ کتابیات کا تکملہ تھی ۔

''کتب اقبالیات'' چھ حصوں میں منقسم ہے :

(۱) تصانیفِ اقبال ۔

(۲) تصانیفِ اقبال کے تراجم ۔

(۳) کلامِ اقبال کی شرحیں ۔

(۴) اقبال پر کتابیں ۔

(۵) اخبارات و رسائل کے اقبال نمبر ۔

(۶) حوالے کی کتابیں ۔

یہ کتابیات سب سے پہلے ''صحیفہ'' کے اقبال نمبر (حصہ اول) ۱۹۷۳ء میں شائع ہوئی تھی - ۱۹۷۵ء میں ایک ضمیمے کے اضافے کے ساتھ کتابی صورت میں منظر عام پر آئی ۔ ''کلیدِ اقبال'' اور *A Bibliography of Iqbal* میں کتابوں کے ۲۲۹ اندراجات کے مقابلے میں ''کتب اقبالیات'' میں تعداد اندراجات ۳۶۰ ہے ۔ حالانکہ اس میں اُن مکمل اور صحیح حوالوں کو درج نہیں کیا گیا جو اوّل الذکر دونوں کتابیات میں موجود ہیں ۔

''کتب اقبالیات'' کے متعدد اندراجات ادھورے اور نامکمل ہیں ۔ اُردو اور انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں کی کتابوں کے اصل عنوانات (Titles) نہیں دیے گئے حالانکہ کتابیاتی اصولوں کے مطابق یہ ضروری تھا

اندراجات ، کتابوں کی الفبائی ترتیب کے مطابق ہیں حالانکہ کتابیات کے مسلمہ اصول کے مطابق اندراجات ، مصنفین کی الفبائی ترتیب کے مطابق ہونے چاہییں ۔

(۶) ہندوستان میں اقبالیات ، ۱۹۷۶ء

پروفیسر عبدالقوی دسنوی کی مرتّبہ ایک کتابیات ، اقبال اکادمی پاکستان لاہور کے مجلہ ''اقبال ریویو'' (جولائی ۱۹۷۶ء) میں شائع ہوئی تھی ۔ بعد میں اسے کتابی شکل میں شائع کیا گیا ۔ یہ کتابیات آٹھ حصوں میں منقسم ہے :

(۱) اقبال رسائل میں ۔

(۲) اقبال کتابوں میں ۔

(۳) اقبال پر کتابیں ۔

(۴) کتب بسلسلہ اقبالیات پر تبصرے ۔

(۵) رسائل میں مراسلے ۔

(۶) اقبالیات سے متعلق خبریں ۔

(۷) تحقیقی کام پی ایچ ۔ ڈی ۔

(۸) مقالات برائے ایم ۔ اے ۔

اس کتابیات کو ہندوستان اور اُردو تک محدود رکھا گیا ہے ۔ مرتّب نے ہندوستانی اہل قلم کی اُن تحریروں کے حوالے درج کیے ہیں جو ہندوستان یا پاکستان میں شائع ہوئیں اور پاکستانی اہل قلم کی صرف ایسی تحریروں کے حوالے دیے ہیں جو ہندوستان میں شائع ہوئی ہیں کہ ''اس سے بھی ہندوستانیوں کی اقبال سے دلچسپی کا پتا چلتا ہے ۔''

عبدالقوی دسنوی نے اپنی کتابیات کی ترتیب میں کتابیات کے مروج

اصولوں سے انحراف کیا ہے مثلاً :

- انھوں نے کتابوں اور مقالات کی ضخامت درج نہیں کی حالانکہ کتابیاتی اصولوں سے قطع نظر ، ضخامت کی تصریح اس لیے بھی ضروری تھی کہ کسی کتاب یا تحریر کی قدر و قیمت کے تعین میں ایک حد تک اس کی ضخامت کو بھی دخل ہوتا ہے ۔
- اندراجات کی ترتیب ، کتب و مقالات کے عناوین کی الفبائی ترتیب کے مطابق ہے ۔ کتابیات کا مسلمہ اصول یہ ہے کہ اندراجات مصنفین کی الفبائی ترتیب سے کیے جائیں ۔
- کتابیات کے دوسرے حصے ''اقبال ، کتابوں میں'' کے تحت مقالے کا عنوان ، مقالہ نگار کا نام اور اس کتاب کا نام دیا گیا ہے جس میں مقالہ شائع ہوا مگر اس سے یہ نہیں پتہ چلتا کہ کتاب (جس میں مقالہ شامل ہے) کب اور کہاں شائع ہوئی ؟ کتابیاتی ضابطے کے مطابق کتاب کے مقام ِ اشاعت اور سن اشاعت کا اندراج ضروری تھا ۔

اس کے باوجود پروفیسر دسنوی کی یہ جامع کتابیات ایک مفید اور قابلِ قدر کوشش ہے اور اپنے میدان میں اہمیت رکھتی ہے ۔

○

اقبال پر کتابیات کے سلسلے میں حال ہی میں دو نئے کام ہوئے ہیں ۔ ڈاکٹر سیّد معین الرحمٰن نے اقبالیات سے متعلق ایم ۔ اے اور پی ایچ ۔ ڈی کے امتحانی مقالات (مطبوعہ اور غیر مطبوعہ) کی توضیحی کتابیات مرتّب کی ہے جسے اقبال اکادمی پاکستان لاہور نے ''جامعات میں اقبالیات کا تحقیقی و تنقیدی مطالعہ'' کے نام سے شائع کیا ہے ۔ دوسری کتابیات ملک معین اظہر نواز نے ترتیب دی ہے یہ صرف پنجاب یونیورسٹی کے امتحانی مقالات تک محدود ہے اور تاحال غیر مطبوعہ ہے ۔

○

سیّد عبدالواحد کی انگریزی کتاب *Studies in Iqbal* ، ڈاکٹر میری شمل

نے اپنی تصنیف *Gabriel's Wing* اور ڈاکٹر عبدالحق نے اپنی دو کتابوں "اقبال کے ابتدائی افکار" اور "تنقید اقبال اور دوسرے مضامین" کے آخری ابواب کتابیات کے لیے وقف ہیں —— یہ چاروں کتابیات ، علیحدہ کتابی صورت میں نہ ہونے کے باوجود اہمیت رکھتی ہے -

سیّد عبدالواحد (S.A. Vahid) کی مرتبہ کتابیات بچاس صفحات پر مشتمل ہے - اسے چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے :

(۱) تصانیفِ اقبال -

(۲) اقبال کی شرحیں -

(۳) اقبال کے تراجم -

(۴) اقبال پر کتب و مقالات -

سیّد عبدالواحد کے زیادہ تر اندراجات ، اقبال پر مطبوعہ کتابیات سے ماخوذ ہیں کیونکہ ان کے ہاں بھی وہی غلطیاں موجود ہیں جو سابقہ کتابیات میں پائی جاتی ہیں - البتہ واحد صاحب نے اندراجات کی نئی ترتیب قائم کی ہے (تمہیدی سطور میں انھوں نے سابقہ کتابیات کی جو فہرست دی ہے ، اس میں خواجہ عبدالوحید کی کتابیات کا نام اور سنِ اشاعت کا اندراج نہیں کیا گیا حالانکہ یہ دو سال پہلے شائع ہو چکی تھی)

ڈاکٹر اینی میری شمل کی ببلو گرافی کے دو حصے ہیں - پہلا حصہ اقبال کی تصانیف ، تراجم اور تصانیفِ اقبال پر تحریر کردہ مقالات پر مشتمل ہے - جب کہ دوسرا حصہ اقبال پر کتابوں اور مقالات کا احاطہ کرتا ہے اس کی تقسیم یوں ہے :

(الف) اقبال پر مجموعہ مقالات ، اخبارات و رسائل کے اقبال نمبر اور اخبارات کے متفرق مضامین -

(ب) اقبال کی زندگی اور فکر و فن پر عمومی کتابیں -

(ج) کتاب ہذا کے خصوصی موضوعات سے متعلق تصانیف و مقالات جنھیں کتاب کے ابواب کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔

(د) ادب اور جدید اسلام وغیرہ پر تصانیف جن میں اقبال کا ذکر ملتا ہے۔

(ہ) متفرق مقالات و مضامین۔

بعض کتابوں کے ساتھ ان کی نوعیت کے بارے میں قدرے وضاحتی اشارات بھی دیے گئے ہیں۔ (شمل نے "ذکر اقبال" کو best Urdu biography قرار دیا ہے) مگر بہت سی کتابوں کے صرف نام اور مصنفین کے نام دینے پر ہی اکتفا کیا گیا ہے۔ کتابوں کی ضخامت بہت کم کتابوں کے ساتھ درج کی گئی ہے۔ بعض کتابوں کے مقام و سالِ اشاعت کا بھی پتہ نہیں چلتا۔

معلوم ہوتا ہے کہ کتابیات خاصی دقتِ نظر سے تیار کی گئی ہے تاہم اس میں بعض دلچسپ غلطیاں موجود ہیں:

- اسرارِ خودی اور رموزِ بےخودی کے پشتو تراجم (از سمندر خان سمندر) کو بلوچی ترجمہ بتایا گیا ہے۔ ۱۹۶۳ء کی اس غلطی کو ۱۹۶۵ء میں خواجہ عبدالوحید نے اور ۱۹۶۷ء میں سیّد عبدالواحد نے دہرایا ہے۔

- "آثارِ اقبال" (مرتبہ: غلام دستگیر رشید) کو رشید احمد صدیقی کی تصنیف قرار دیا گیا ہے۔

- "حیاتِ اقبال" (تاج کمپنی لاہور) کو خلیفہ عبدالحکیم کی تصنیف ظاہر کیا گیا ہے (اس کتاب پر کسی مصنّف کا نام درج نہیں تاہم دیگر ذرائع سے معلوم ہوا کہ اس کے مصنّف چراغ حسن حسرت ہیں)۔

○ بعض مصنفین کے ناموں کو نقل کرنے میں ڈاکٹر شمل سے تسامح ہوا ہے مثلاً محمد طاہر فاروقی کو ابو طاہر فاروق (ص ۳۹۶) شیخ عطاء اللہ کو شیخ محمد عطا (ص ۳۹۴) اور آل احمد سرور کو آلِ احمد سَرْوَرْ (ص ۳۹۶) -

ان فروگزاشتوں کے باوجود یہ کتابیات اس لیے اہمیت رکھتی ہے کہ عبدالغنی و خواجہ نور الٰہی کے بعد ڈاکٹر شمل نے پہلی بار اپنی جامع ببلو گرافی تیار کی ہے - ڈاکٹر شمل نے بعض ایسے یورپی ماخذات کے حوالے بھی دیے ہیں جن تک ہماری رسائی آسان نہیں - مجموعی اعتبار سے یہ کوشش ، اقبال پر کتابیات میں ایک اچھا اضافہ اور اس ضمن میں ایک عمدہ پیش رفت تھی -

ڈاکٹر عبدالحق نے اپنی کتاب "اقبال کے ابتدائی افکار" کے آخر میں ۲۸ صفحات پر مشتمل ماخذات کی فہرست دی ہے - اس میں اقبال کی تصانیف ، تراجم ، شرحوں ، تنقیدی کتابوں اور رسائل کے اقبال نمبروں کے کل ۵۱۳ حوالے جمع کیے گئے ہیں - اندراجات کو اسماء کتب کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے - ڈاکٹر عبدالحق نے کتاب کی ضخامت درج کرنے کا اہتمام نہیں کیا ، کتاب اور مصنف کے علاوہ صرف ناشر (اور کہیں صرف مقام اشاعت) اور سن اشاعت دینے پر ہی اکتفا کیا ہے - غالباً یہ اس لیے کہ ڈاکٹر عبدالحق کے پیش نظر "کتابیات" کی ترتیب نہ تھی بلکہ صرف ماخذات کی فہرست پیش کرنا مقصود تھا - اُنھوں نے اپنی دوسری کتاب "نقد اقبال اور دوسرے مضامین" شامل کی ہے جس میں ایسی کتابوں کے حوالے شامل کیے ہیں ، جو اُن کی پہلی فہرست میں نہیں آ سکی تھیں - تمہیدی سطور میں اُنھوں نے ڈاکٹر محمد باقر سے ایک "اقبال ببلو گرافی" منسوب کی ہے حالانکہ ڈاکٹر محمد باقر کی *Iqbal Exhibition 1963* ، کتابیات نہیں ہے بلکہ اقبالیات سے متعلق اُن کتابوں اور تصاویر کی فہرست ہے جو ۱۹۶۳ء میں پنجابی ادبی اکیڈیمی کے تحت لاہور میں منعقدہ اقبال نمائش میں رکھی گئی تھیں - ڈاکٹر عبدالحق نے اس فہرست کی تیاری میں راقم کی "کتب اقبالیات" کو بنیاد بنا کر اس میں گیارہ نئی

کتابوں کا اضافہ کیا ہے ۔ خود ڈاکٹر عبدالحق نے اپنی فہرست کی تیاری میں ''کتب اقبالیات'' سے استفادے کا ذکر کیا ہے ۔ اس فہرست کی ترتیب بھی ''کتب اقبالیات'' کے مطابق ہے ۔

اقبال پر کتابیات کے اس جائزے کو ختم کرتے ہوئے ، اس بات کا تذکرہ ضروری ہے کہ اقبال کی تصانیف و تحریروں پر مشتمل سب سے پہلی کتابیات رحمت علی نے تیار کی تھی جو ۱۹۳۰ء میں پیرس کے ایک رسالے میں شائع ہوئی تھی ۔

○

متذکرہ بالا قابلِ قدر کتابیات کے باوجود ، ان سب میں ایک گونہ تشنگی کا احساس ہوتا تھا ۔ اور اقبال کی ایک جامع ، مفصّل اور اپ ٹوڈیٹ کتابیات کی افسوس ناک کمی اہلِ علم ، خصوصاً اقبالیات کے طالب علموں کو بہت کھلتی تھی ۔ پیشِ نظر کتاب اس کمی کو پورا کرنے کی ایک حقیر سی کاوش ہے ۔

عام طور پر کتابیات میں مصنف کا نام ، کتاب کا عنوان (Title) ناشر کا نام ، کتاب کا سن اشاعت اور تعداد صفحات درج کرنے پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے لیکن محض عنوان (Title) سے کسی کتاب کے موضوع اور اس کی نوعیت کا پوری طرح اندازہ نہیں ہو سکتا مثلاً ''آثار اقبال'' ، ''نقوش اقبال'' ، ''رموزِ اقبال'' ، ''نذرِ اقبال'' ، ''آئینۂ اقبال'' اور اسی طرز کے دیگر ناموں سے ان کتابوں کے مباحث و موضوعات کا کچھ پتہ نہیں چلتا — پیشِ نظر کتابیات میں یہ اہتمام کیا گیا ہے کہ جس کتاب کے نام سے اس کے موضوع کا اندازہ نہ ہو سکے ، اس کے مندرجات ، مباحث یا ابواب کے عنوانات درج کیے جائیں — اگر کوئی کتاب مختلف اہلِ قلم کے مضامین کا مجموعہ ہے تو ہر مضمون کا عنوان اور مقالہ نگار کا نام بھی دیا گیا ہے — یہی توضیحات ، زیرِ نظر کتابیات کی سب سے بڑی وجۂ جواز ہے اور اس کی انفرادیت کی ضامن بھی ۔

ان توضیحات سے قاری بآسانی معلوم کر سکتا ہے کہ اقبال کی شاعری

اور فکر و فلسفہ کے کن کن موضوعات پر مختلف اہل علم نے کیا کیا لکھا اور وہ کہاں کہاں شائع ہوا ؟

پیش نظر ''کتابیات اقبال'' صد سالہ یوم ولادت (۹ نومبر ۱۹۷۷ع) تک چھپ کر منظر عام پر آنے والی کتابوں (مختصر و ضخیم کتب ، اقبال کی یاد میں رسائل و جرائد کی خصوصی اشاعتوں اور کتابی حجم و حیثیت کے غیر مطبوعہ مقالات برائے پی ایچ - ڈی ، ایم - اے اور منشی فاضل) کے حوالوں پر مشتمل ہے - اخبارات ، رسائل اور مختلف کتابوں میں اقبالیات سے متعلق مقالات و مضامین اور منظومات کے حوالوں پر مشتمل کتابیات ایک الگ اور مستقل نوعیت کا کام ہے اور کئی ضخیم جلدوں کا یہ کام ایک طویل عرصے کی محنت و کاوش کا متقاضی ہے -

''کتابیات اقبال'' چھ حصوں میں تقسیم کی گئی ہے - ہر حصہ موضوع اور زبان کی مناسبت سے بعض ذیلی حصوں میں منقسم ہے - سات حصوں کی تفصیل حسب ذیل ہے :

(۱) **تصانیف اقبال** : پہلے حصے میں اقبال کی نظم و نثر کے مختلف ، مستقل اور متفرق جزوی مجموعوں کے حوالے جمع کیے گئے ہیں اس میں اقبال کی زندگی میں شائع ہونے والی کتابیں بھی شامل ہیں اور مرتبات مابعد بھی - یعنی جو کچھ اقبال کی زبان و قلم سے نکلا اور جسے خود انھوں نے یا بعد میں کسی اور نے جمع و مرتب کر کے کتابی صورت میں شائع کیا - اقبال کے نثری مقالات ، تقاریر و بیانات کے مختلف اُردو اور انگریزی مجموعوں کے حوالوں کے ساتھ یہ وضاحت بھی کی گئی ہے کہ کس مجموعے میں کون کون سے مقالات ، تقاریر اور بیانات وغیرہ شامل ہیں - انگریزی تحریروں کے اصل عنوانات کے ساتھ خطوط وحدانی [ ] میں اُن کا اُردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے -

(۲) **تراجم اقبال : نظم و نثر اقبال کا معتدبہ حصہ ترجمہ ہو کر دنیا** کی بڑی بڑی زبانوں میں منتقل ہو چکا ہے - اس حصے میں اُردو ، اطالوی ، انڈونیشی ، انگریزی ، بنگالی ، پشتو ، پنجابی ، ترکی ، جرمن ، چیک ،

چینی ۔ سندھی ، سویڈش ، عربی ، فارسی ، فرانسیسی ، کشمیری اور گجراتی زبانوں میں کتابی صورت میں شائع ہونے والے نظم و نثر اقبال کے مختلف ، مکمل اور جزوی تراجم کے حوالے شامل ہیں ۔ حتی الوسع کتاب کا اصل عنوان برقرار رکھا گیا ہے ۔ تاہم قوسین میں یہ وضاحت موجود ہے کہ یہ اقبال کی کس تصنیف یا منتخب منظومات کا مکمل یا جزوی اور منظوم یا منثور ترجمہ ہے ۔

(۳) **کلامِ اقبال کی شرحیں :** شعرِ اقبال کی تفہیم و تسہیل کے لیے مختلف اہلِ قلم نے کلامِ اقبال کی متعدد شرحیں لکھی ہیں ۔ ان میں سے بیشتر درسی ضروریات کے تحت لکھی گئی ہیں ۔ چونکہ یہ تحقیقی ، تنقیدی اور علمی کتابوں سے مختلف نوعیت کی ہیں ۔ اس لیے ان کے حوالے ایک علیحدہ حصے میں شرح نگاروں کے اسماء کی الفبائی ترتیب کے مطابق درج کیے گئے ہیں ۔

(۴) **اقبال پر کتابیں :** علامہ اقبال ابھی بقیدِ حیات تھے تو ان کی عظیم الشان شخصیت ، فکر و فلسفہ اور شاعری پر تصانیف کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا اور آج ، کہ ان کی رحلت کو ۴۹ برس گزر گئے ، یہ سلسلہ جاری ہے ۔ گزشتہ پون صدی میں دنیا کے مختلف علاقوں اور مختلف زبانوں میں سینکڑوں کتابوں کا ایک متنوع ذخیرہ وجود میں آ چکا ہے ۔ اس ذخیرے میں ہر نوع ، معیار اور حجم کی کتابیں ملتی ہیں ۔ بیشتر کتابیں تشریحی و توضیحی ہیں ۔ حقیقی معنوں میں تحقیقی ، تنقیدی اور علمی شان کی حامل کتابوں کی تعداد زیادہ نہیں ۔ اُردو کے بیشتر مصنفین کا تالیفی ذہن انتہائی غیر سائنٹی فک ہے اور ان کی اکثر تصانیف متفرق و بے ربط خیالات اور مختلف موضوعات کا ملغوبہ ہیں چنانچہ ان مختلف النوع موضوعات سے متعلق کتابوں کو موضوعاتی عنوانات کے تحت مرتّب کرنا جوئے شیر لانے سے کم نہیں ۔ ان تمام کتابوں کو ، کتابیات کے اس چوتھے حصے میں یکجا کر دیا گیا ہے اور اسی لیے یہ کتابیات کا ضخیم ترین حصہ ہے ۔ جہاں تک ہو سکا ، اُردو کے علاوہ دیگر زبانوں کے عنوانات

متعلقہ زبان ہی میں لکھے گئے ہیں اور ہر عنوان کا مفہوم أر (Titles)
میں بھی دیا گیا ہے -

(د) اقبال نمبر : کتابیات کا پانچواں حصہ علمی و ادبی رسائل
جرائد کے اقبال نمبروں کے حوالوں کے لیے وقف ہے - بعض جرائد
تمام تر مشمولات اقبال سے متعلق ہیں مگر انھوں نے اپنی پیشانی
''اقبال نمبر'' کے الفاظ درج نہیں کیے ، کتابیات میں ان کے حوالے ب
شامل کیے گئے ہیں - ہر اقبال نمبر میں شامل مقالات کے عنوان اور لکھ
والوں کے ناموں کی تفصیل بھی دی گئی ہے - اگر کسی نمبر
اقبالیات سے غیر متعلق کچھ مضامین شامل ہیں تو ان کا تذکرہ چھ
دیا گیا ہے -

یہ وضاحت ضروری ہے کہ اُردو اور انگریزی کے متعدد روز
ہر سال ۲۱ اپریل کو (اور اب ۹ نومبر کو بھی) ''اقبال ایڈیشن'' ش
کرتے ہیں - ان میں زیادہ تر پرانی ، مطبوعہ اور پیش پا افتادہ یا صح
نوعیت کی تحریریں چھپتی ہیں - ایسے ایڈیشنوں کی اشاعت ایک اخ
ضرورت اور رسمی کاروائی ہوتی ہے - لہٰذا کتابیات میں ایسے تمام ا
نمبروں کے حوالے شامل نہیں کیے گئے بلکہ صرف قابلِ ذکر کتابی حجم
خصوصی اشاعتوں کے حوالے درج کیے گئے ہیں -

کتب و رسائل کے مباحث و مضامین کے عنوانات اور مصنفین
ناموں کے اندراج میں اختصار کو ملحوظ رکھا گیا ہے مثلاً ''ڈاکٹر
محمد اقبال کا فلسفۂ خودی'' کو ''اقبال کا فلسفۂ خودی'' اور ''
محمد الدین فوق امرتسری مرحوم'' کو ''محمد دین فوق'' لکھا گیا
(تاہم کتابوں کے عنوانات اور کتابوں کے مصنفین کے ناموں کو
برقرار رکھا گیا ہے) -

(ہ) غیر مطبوعہ مقالات : ہند و پاکستان اور مغربی ممال
بعض دانش گاہوں میں پی ایچ - ڈی کی ڈگری اور ایم - اے کے امت
کے سلسلے میں اقبال کی شاعری اور فکر و فلسفہ کے مختلف موضوع
مستقل نوعیت اور کتابی حجم کے مقالات (Thesis) لکھے جاتے رہ

معدودے چند مطبوعہ مقالات کے سوا (جن کے حوالے کتابیات کے چوتھے حصے میں درج کیے گئے ہیں) بیشتر مقالات غیر مطبوعہ ہیں ۔ کتابیات کے چھٹے حصے میں ایسے مقالات کے حوالے جمع کیے گئے ہیں ۔

○

اندراجات کی ترتیب کے بارے میں چند وضاحتیں ضروری ہیں :

(الف) مصنف کا نام : ہر حصے میں حوالہ جاتِ کتب کا اندراج مصنف وار (Authorwise) کیا گیا ہے ۔ مصنفین کے نام مغربی طرز کی پیروی میں نہ تو اُلٹے گئے ہیں اور نہ انھیں ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا ہے جیسے :

نیازی ، سیّد نذیر

جونا گڑھی ، قاضی احمد میاں اختر

بلکہ ہر نام مکمل ، سالم اور اسی ترتیب سے درج کیا گیا ہے جیسا کہ وہ کسی کتاب یا تحریر کے ساتھ لکھا ہوا ہے البتہ سابقات اور القابات ناموں کے آخر میں لکھے گئے ہیں جیسے :

نذیر نیازی ، سیّد

احمد میاں اختر جونا گڑھی ، قاضی

بعض معروف نام کہیں کہیں نا مکمل اور مختصر صورت میں لکھے ہوئے ہیں ، پوری طرح یہ اطمینان کر لینے کے بعد کہ یہ تحریر متعلقہ قلم کار ہی کی ہے ، ان تحریروں کے ساتھ لکھنے والوں کے مکمل نام درج کر دیے گئے ہیں مثلاً :

ڈاکٹر اس ۔ ایم عبداللہ کو ڈاکٹر سیّد محمد عبداللہ

بی ۔ اے ڈار کو بشیر احمد ڈار

ایس ۔ اے واحد کو سید عبدالواحد معینی

ناموں کے ضمن میں ایک دلچسپ مشاہدہ یہ ہوا کہ ایک ہی مصنف

کا نام مختلف مصانف اور مقالات پر دو دو تین تین طرح سے چھپا ہوا ہے - کتابیات میں اصولاً تو کوئی نام اُسی ترتیب اور املا میں لکھا جانا چاہیے جس طرح وہ کتاب یا مقالے پر چھپا ہوا ہے ـــ اور زیر نظر کتابیات میں بالعموم اسی اصول کی پابندی کی گئی ہے تاہم جہاں ایک ہی نام کے کئی ''متن'' ملے ، وہاں نسبتاً معروف اور متداول ''متن'' اختیار کیا گیا ہے -

برصغیر سے باہر کے مغربی خصوصاً غیر مسلم مصنفین کے ناموں سے اردو قارئین مانوس نہیں ہیں لہٰذا ایسے ناموں کو اُردو املا میں لکھنے کے ساتھ ساتھ ان کا انگریزی املا بھی درج کیا گیا ہے -

بعض تصانیف پر مصنف یا مرتّب کا نام درج نہیں - ایسی کتابوں کے اندراج میں عنوانِ کتب کی الفبائی ترتیب ملحوظ رکھی گئی ہے اور ساتھ ہی ''مرتّب نامعلوم'' (مر - ن) یا ''مصنف نامعلوم'' (مص - ن) کی صراحت کر دی گئی ہے -

(ب) کتاب کا عنوان : ہر حوالے میں مصنف کے نام کے بعد کتاب کے عنوان (Title) کا اندراج ہے - بعض اوقات ایک ہی اُردو کتاب کے بیرونی سرورق کا عنوان ، اندرونی سرورق کے عنوان سے مختلف نظر آیا - کتابیات میں اندر کا عنوان اختیار کیا گیا ہے - بعض عنوانات کے ساتھ ایک آدھ جملے یا چند الفاظ کے ذریعے موضوعِ کتاب کی وضاحت ہوتی ہے - ایسی توضیح کو بعینہٖ عنوانِ کتاب کے ساتھ ہی واوین '' '' کے اندر لکھ دیا گیا ہے - اگر مرتبِ کتابیات نے اپنی طرف سے کوئی توضیحی جملہ یا الفاظ درج کیے ہیں تو اُنھیں خطوط وحدانی [ ] میں لکھا گیا ہے -

(ج) ناشر کا نام : عنوانِ کتاب کے بعد ناشر کا نام اور مقامِ اشاعت درج کیا گیا ہے - جن کتابوں پر ناشر کا نام درج نہیں ، ان کے اندراج میں متعلقہ پریس اور شہر کا نام لکھا گیا ہے - بعض کتابوں میں اندر اور باہر کے سرورقوں پر دو مختلف ناشرین کے نام چھپے ہیں ، حوالے میں اندرونی ناشر کا نام درج کیا گیا ہے -

(د) سنِ اشاعت : ناشر کے بعد کتاب کا سنِ اشاعت درج کیا گیا ہے - جن کتابوں پر سنِ اشاعت نہیں لکھا گیا ، ان کے اندراج میں ''س - ن'' (سن ندارد) لکھ دیا گیا ہے - لیکن اگر کسی اور ذریعے (مثلاً کتاب کے دیباچے ، مقدمے یا کتاب پر کسی جریدے میں مطبوعہ تبصرے سے) کتاب کے سن اشاعت کا اندازہ لگایا جا سکا ہو تو اس قیاسی سن اشاعت کو خطوط وحدانی [ ] میں درج کیا گیا ہے -

بعض کتابوں پر سنِ اشاعت کا اندراج عیسوی تقویم کے بجائے ہجری (ھ) یا اردشیری (ش) تقویم میں کیا گیا ہے - مرتّبِ کتابیات نے ایسے اندراجات کے ساتھ خطوط وحدانی [ ] میں عیسوی سن بھی لکھ دیے ہیں تاکہ قارئین کو متعین طور پر کتاب کا سن اشاعت معلوم ہو سکے - اگر کوئی کتاب محض ایک بار شائع ہوئی تو اس کے ساتھ ''اشاعتِ اول'' کے الفاظ نہیں لکھے گئے لیکن ایک سے زائد بار چھپنے والی کتابوں کی زمانی ترتیب متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے -

(ہ) ضخامتِ کتاب : سنِ اشاعت کے بعد کتاب کے صفحات کی تعداد درج کی گئی ہے - بعض کتابوں کی ضخامت درج کرنے میں یہ مشکل پیش آئی کہ کتاب کے صفحات مسلسل نہیں بلکہ دیباچہ اور فہرست کے صفحات الگ ، متنِ کتاب کے صفحات الگ اور اشاریہ کے الگ صفحات نمبر درج ہیں - بعض کتابوں پر فہرست اور دیباچے کے ابتدائی صفحات پر ہندسوں کے بجائے ابجدی حروف سے اور کہیں رومن ہندسوں سے صفحات کا شمار کیا گیا ہے - اندراجِ حوالہ میں ایسے بلا نمبر صفحات یا ابجدی حروف والے صفحات کو ہندسوں میں شمار کر کے ان کی تعداد لکھی گئی ہے ، پھر جمع کا نشان (+) دے کر مطبوعہ صفحات نمبر لکھ دے گئے ہیں تاکہ کتاب کی مجموعی ضخامت متعین ہو سکے -

(و) مندرجاتِ کتاب کی تفصیل : اس کے بعد حسبِ ضرورت کتاب یا رسالے کے مندرجات (مقالات ، مضامین ، منظومات ، مکاتیب ، بیانات ، تقاریر ، انٹرویو ، متفرق تحریروں اور ان کے مصنفین کے اسماء) کی تفصیل خطوط وحدانی [ ] میں درج کی گئی ہے - جیسا کہ پہلے وضاحت کی

جا چکی ہے ، عنوانات مقالات اور اسماء مصنفین کے سابقوں اور لاحقوں کو از راہ اختصار چھوڑ دیا گیا ہے ۔

○

''کتابیات اقبال'' کے آخر میں تین اشاریے شامل ہیں :

(الف) **اشاریہ مصنفین :** کتابیات میں ایک مصنف کی مختلف النوع تصنیفات ، مرتبات ، تراجم اور تحریروں کا اندراج ایک ہی جگہ نہیں ہے بلکہ مختلف عنوانات کے تحت کئی جگہ بکھرا ہوا ہے ۔ پھر مجموعہ ہائے مقالات اور اقبال نمبروں میں متعدد مصنفین کی تحریریں شامل ہیں ۔ اس صورت میں کسی خاص مصنف کی جملہ تصانیف و مقالات سے آگاہی کے لیے کتابیات کی ورق گردانی کرکے تلاش و جستجو کے ''سخت مقامات'' سے دوچار ہونا ناگزیر ہے ۔ ''اشاریہ مصنفین'' ایسے مراحل و مقامات میں قارئین کی ''دستگیری'' کرے گا ۔

(ب) **اشاریہ کتب :** دوسرا اشاریہ اقبالیات کے پورے ذخیرۂ کتب کی الفبائی ترتیب پر مشتمل ہے ۔ اگر آپ کسی کتاب کے محض نام سے واقف ہیں تو اس اشاریے کی مدد سے اس کے مصنّف ، ناشر اور دیگر کوائف سے بآسانی رجوع کر سکتے ہیں ۔

(ج) **اشاریہ موضوعات :** پیش نظر کتابیات ، جن کتابوں کے حوالوں پر مشتمل ہے ، ان میں مختلف اہل قلم نے اقبال کی زندگی ، شخصیت ، شاعری اور فکر و فلسفہ کے مختلف موضوعات مثلاً اقبال اور قرآن ، اقبال کی سخصیت ، اقبال کی سیاسی زندگی ، فلسفہ خودی ، نظریہ مرد مومن ، تصور عشق ، تصور زمان و مکان ، تصور فقر ، نظریہ تعلیم ، اقبال اور نٹشے ، اقبال اور گوئٹے اور اسی طرح کے بیسیوں موضوعات پر اپنے نتائج فکر قلم بند کیے ہیں مگر یہ معلوم کرنا خاصا مشکل ہے کہ ایک خاص موضوع کو کہاں کہاں اور کس کس کتاب میں زیر بحث لایا گیا ہے اور کتابیات کے صفحہ بہ صفحہ بلکہ سطر بہ سطر ''مطالعے'' کے بغیر اس مشکل کا حل ممکن نہیں ہے ۔ ''اشاریہ موضوعات'' اس صبر آزما

''مطالعے'' کی مشقت کو آسان بناتا ہے ، اس کی مدد سے اقبالیاتی ادب
وسیع ذخیرے میں سے ، اقبال کی شخصیت اور فکر و فن کے مختلف گوش
پر مباحث تک رسائی اور ان سے رجوع ہی اس اشاریے کی افادیت ہے ۔
اعتبار سے ''اشاریہ موضوعات'' ایک ''ریڈی ریکنر'' کی حیثیت رکھتا ۔

میں نے کوشش کی ہے کہ ہر کتاب کو بذاتِ خود دیکھ کر مط
معلومات پوری احتیاط کے ساتھ درج کی جائیں ۔ کسی کتاب کو بنظرِ
ملاحظہ کیے بغیر ثانوی ذرائع کی بنیاد پر کتابیات میں حوالوں کی شمو
سے غلطی کا احتمال رہتا ہے ۔ بعض اوقات کتاب کے نام سے دھوکہ ہ
ہے مثلاً صبغۃ اللہ بختیاری کی ''شرح جاوید نامہ'' کو اکثر مرتبین
''شرحوں'' کے تحت شمار کیا ہے حالانکہ یہ کتاب صبغۃ اللہ بختیاری
چودھری محمد حسین کے دو تنقیدی مضامین پر مشتمل ہے ۔ بعض او
مرتب کتابیات کسی اشتہار کو دیکھ کر حوالہ شامل کر لیتا ہے
طریقِ کار بھی گمراہ کن ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ بسا اوقات کتا
کے اشتہار کے بعد اصل کتاب چھپنے کی نوبت نہیں آتی (نذیر احمد
''کلیدِ اقبال'' میں اس کی متعدد مثالیں ملتی ہیں) — میں نے ہر کتاب
حتی الامکان بذاتِ خود ملاحظہ کیا ۔ ثانوی ذرائع سے بھی بعض حو
لیے مگر اُن کی صحت و استناد سے پوری طرح مطمئن ہونے کے بعد ۔
ایسے اندراجات کے ساتھ ماخذ بھی لکھ دیا ہے ۔

''کتابیاتِ اقبال'' علامہ اقبال پر سب سے جامع ، مفصل اور مس
بلوگرافی ہے —— اس حقیقت کے باوجود اس میں کسی غلطی کے امکان
رد نہیں کیا جا سکتا ۔ راقم نے اپنے محدود وسائل کے ساتھ کتابیات
زیادہ سے زیادہ جامع اور آپ ٹوڈیٹ بنانے کی کوشش کی ہے ۔ اس پابند
کے سبب کہ کتابیات جشنِ صد سالہ ولادتِ علامہ اقبال کی مناسبت
جلد اور بروقت شائع ہو جائے ، مرتب کو ایک بے حد پھیلا ہوا
کم وقت میں سمیٹ کر بہ عجلت ختم کر دینا پڑا ۔

مسودہ ، اپریل ۱۹۷۷ء میں پریس بھیج دیا گیا تھا ۔ دورانِ طباع
میں ، نئے حوالوں کا اندراج کیا جاتا رہا ۔ تاہم مسودے کی طباعت مکم

ہو جانے کے بعد جو نئی کتابیں شائع ہوئیں یا پرانی کتابوں کے حوالے شامل ہونے سے رہ گئے تھے ، ان سب کو ضمیمے میں جمع کر دیا گیا ہے ۔ اس طرح "کتابیاتِ اقبال" شاعرِ مشرق کے صد سالہ یومِ ولادت (۹ نومبر ۱۹۷۷ء) تک چھپ جانے والی کتابوں کے حوالوں پر محیط ہے ۔

کتابیات کے لیے حوالوں کی فراہمی میں ، ملک کے متعدد پبلک اور نجی کتب خانوں سے براہِ راست استفادہ کیا گیا ۔ اس کے علاوہ بہت سے بزرگوں ، دوستوں اور عزیزوں کی اعانت و تائید کسی نہ کسی شکل اور کسی نہ کسی مرحلے میں کتابیات کی ترتیب و تیاری میں شامل رہی ۔ ڈاکٹر وحید قریشی صاحب نے اپنے قیمتی کتب خانے سے استفادے کی سہولت فراہم کی ۔ مزید براں مسودہ ملاحظہ کر کے مفید مشوروں سے نوازا اور کتابیات کا پیش لفظ بھی رقم کیا ۔ اقبال اکادمی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد معز الدین صاحب نے اکادمی کی لائبریری سے استفادہ کرنے میں فراخ دلانہ تعاون کیا ۔ کتابیات کی ترتیب و تیاری کے ضمن میں سرگودھا سے : خورشید رضوی ، انور سدید ، ملک گل محمد (مرحوم) ، انیس احمد اعظمی ، چودھری محمد ابراہیم ، ریاض احمد شاد ، ـــــ لاہور سے : سیّد وقار عظیم (مرحوم) ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی ، ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا ، ڈاکٹر ظہور احمد اظہر ، قاضی افضل حق قرشی ، ملک احمد نواز ، سمیر عبدالحمید ابراہیم ، ڈاکٹر ریاض الرحمٰن ، محمد اکرم خاں ، محمد حنیف شاہد ، ملک معین نواز ، طاہر تونسوی ، اللہ بخش کلیار ، وحید عشرت ، محمد مصطفیٰ اور مظفر بیگ ـــــ راولپنڈی سے : رحیم بخش شاہین ، آزاد بیگ کریمی اور ڈاکٹر محمد ریاض ـــــ مری سے : اختر راہی ـــــ کراچی سے : ثروت صولت اور ڈاکٹر معین الدین عقیل ـــــ فیصل آباد سے : ڈاکٹر سیّد معین الرحمٰن اور افتخار احمد ـــــ گوجرانوالہ سے : عبدالغنی فاروق ـــــ شیخوپورہ سے : عبدالجبار شاکر ـــــ جھنگ سے : غلام مرتضیٰ شاکر ترک ، محمد حیات خاں سیال اور نور احمد ثاقب ـــــ پشاور سے : مولانا فضل معبود اور صابر کلوروی ـــــ بھارت سے : عبدالقوی دسنوی (بھوپال) جگن ناتھ آزاد (جموں) اور شانتی رنجن بھٹا چاریہ (کلکتہ) ـــــ اور سعودی

عرب سے حسین احمد پراچہ (طائف) کا تعاون شاملِ حال رہا ۔ امورِ طباعت کے ضمن میں برادرم احمد رضا صاحب (مجلس ترقی ادب لاہور) اور محترم ذوالفقار خاں صاحب (زرین آرٹ پریس ، لاہور) نے قیمتی مشورے عطا کیے ۔ مسودے کی نقل نویسی اور اشاریے کی ترتیب میں برادرم عبداللہ شاہ ہاشمی اور عزیزان غلام نبی ، جمشید حیدر ، احسان الحق اور خالد ضیاء نے ہاتھ بٹایا ۔ میں تمام بزرگوں ، دوستوں اور عزیزوں کا تہِ دل سے ممنون ہوں ۔

سرگودھا ، ۹ نومبر ۱۹۷۷ء
(دوم صد سالہ ولادت علامہ اقبال)

رفیع الدین ہاشمی

کتابیاتِ اقبال

مخففات

مخفف		اصل نام
evelop.	:	*The Development of Metaphysics in Persia* by Iqbal.
econ.	:	*The Reconstruction of Religious Thought in Islam* by Iqbal.
ray	:	*Stray Reflections* by Iqbal.
oughts	:	*Thoughts and Reflections* of *Iqbal* by S.A. Vahid.
eeches - Sh.	:	*Speeches and Statements of Iqbal* by Shamloo.
وحید	:	*A Biliography of Iqbal* by K.A. Waheed.
نذیر	:	''کلیدِ اقبال'' از نذیر احمد
دسنوی	:	''ہندوستان میں اقبالیات'' از عبدالقوی دسنوی
مص ـ ن	:	مصنف نا معلوم
متر ـ ن	:	مترجم نا معلوم
مر ـ ن	:	مرتب نا معلوم
س ـ ن	:	سن ندارد

۱

تصانیفِ اقبال

(الف) نظم

کلیات	اُردو ـ فارسی
مستقل مجموعے	اُردو ـ فارسی
باقیاتِ کلام	اُردو ـ انگریزی
متفرقات	اُردو ـ فارسی

(ب) نثر

مستقل تصانیف	اُردو ـ انگریزی
مکاتیب	اُردو ـ انگریزی
مضامین ، بیانات ، تقاریر	اُردو ـ انگریزی
متفرقات	اُردو ـ انگریزی

(الف) نظم

کلیات

اُردو

کلیاتِ اقبال [بانگِ درا ، بالِ جبریل ، ضربِ کلیم ، ارمغانِ حجاز اُردو حصہ] :

- مکتبۂ ادب لکھنؤ ، ۱۹۵۳ء ، ص ۳٦۷ -
- مشورہ بک ڈپو دہلی [۱۹٦۲ء] ، ص ۳٦۳ - [اس نسخے میں ''بانگِ درا'' کی بعض منظومات سامل نہیں ہیں]
- ڈاکٹر جاوید اقبال باہتمام شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز لاہور ، فروری ۱۹۷۳ء ، ص ۱۰ + ۱۰۷ - اشاعت دوم : جنوری ۱۹۷۵ء ، اشاعت سوم : جنوری ۱۹۷۷ء -
- ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ ، ۱۹۷۵ء ، ص ۱۰ + ۱۰۷ -
- نیو تاج آفس دہلی ، س ـ ن ، ص ۳٦۳ -

فارسی

کلیات "اشعار فارسی مولانا اقبال لاہوری" [اسرار و رموز ، زبور عجم ، جاوید نامہ ، پیام مشرق ، پس چہ باید کرد ، ارمغان حجاز فارسی حصہ ، مع حالات ، تصاویر ، تعارف تصانیف و تبصرۂ کلام از مرتب : احمد سروش] : کتاب خانۂ سنائی تہران ، ۱۳۴۳ش [۱۹۶۳ء] ، ص ۶۰+۵۰۸ - اشاعت دوم : ۱۳۵۲ش [۱۹۷۱ء] ، ص ۶۰+۵۰۸ -

کلیات اقبال فارسی [اسرار و رموز ، زبور عجم ، جاوید نامہ ، پیام مشرق ، پس چہ باید کرد ، ارمغان حجاز ، فارسی حصہ] : ڈاکٹر جاوید اقبال باہتمام شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز لاہور ، فروری ۱۹۷۳ء ، ص ۱۰+۱۰۵۶ - اشاعت دوم : مئی ۱۹۷۵ء ، ص ۱۰+۱۰۵۶ -

کلیات اقبال (فارسی) : کتب خانہ نذیریہ دہلی ، ص ۸۸ -

مستقل مجموعے

اردو

بال جبریل : ○ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور ، جنوری ۱۹۳۵ء ، ص ۲۲۴ -

۱۹۴۱ء - ۱۹۴۲ء - ۱۹۴۴ء - ۱۹۴۵ء -

۱۹۴۶ء - ۱۹۴۷ء - ۱۹۵۱ء - ۱۹۵۴ء -

۱۹۵۸ء - ۱۹۵۹ء - ۱۹۶۲ء - ۱۹۶۳ء -

۱۹۶۵ء - ۱۹۶۶ء - ۱۹۶۸ء - ۱۹۷۰ء -

۱۹۷۲ء - ۱۹۷۳ء - ۱۹۷۵ء -

○ مشورہ بک ڈپو دہلی [۱۹۶۰ء] ، ص ۱۳۹ -
[تعارف از رضی بدایونی - فرہنگ بھی شامل ہے]

○ اُردو پاکٹ سیریز دہلی ، ۱۹۶۳ء ، ص ۱۳۶ -

○ ڈاکٹر جاوید اقبال باہتمام مطبوعات شیخ غلام علی ، لاہور [۱۹۷۶ء] ، ص ۳۲ -
[''روشن کتابیں" کے سلسلے میں جریدی اشاعت]

بانگِ درا : ○ لاہور ، ستمبر ۱۹۲۴ء ، ص ۳۳۶ -
۱۹۲۶ء - ۱۹۳۰ء - ۱۹۳۹ء - ۱۹۴۲ء -
جولائی ۱۹۴۳ء - دسمبر ۱۹۴۳ء - ۱۹۴۴ء -
۱۹۴۵ء - ۱۹۴۶ء - ۱۹۴۷ء - ۱۹۴۸ء -
۱۹۴۹ء - ۱۹۵۲ء - ۱۹۵۳ء - ۱۹۵۴ء -
جولائی ۱۹۵۷ء - دسمبر ۱۹۵۷ء - ۱۹۵۹ء -
۱۹۶۰ء - ۱۹۶۲ء - ۱۹۶۵ء - ۱۹۶۶ء -
۱۹۶۸ء - ۱۹۶۹ء - ۱۹۷۰ء - ۱۹۷۱ء -
۱۹۷۲ء - ۱۹۷۳ء - ۱۹۷۴ء - ۱۹۷۵ء -
۱۹۷۶ء -

○ ڈاکٹر جاوید اقبال باہتمام مطبوعات شیخ غلام علی ، لاہور [۱۹۷۶ء] ، ص ۵۷ -
[''روشن کتابیں" کے سلسلے میں جریدی اشاعت]

○ دیکھیے : اقبال کی شرحیں - نریش کمار شاد ، آوازِ اقبال -

ضربِ کلیم : ○ لاہور ، [جولائی ۱۹۳۶ء] ، ص ۱۸۲ -
۱۹۴۱ء - جون ۱۹۴۴ء - ستمبر ۱۹۴۴ء -

۱۹۳۵ء - ۱۹۳۶ء - ۱۹۴۷ء - ۱۹۵۴ء -
۱۹۵۵ء - ۱۹۵۹ء - ۱۹۶۳ء - ۱۹۶۵ء -
۱۹۶۶ء - ۱۹۶۸ء - ۱۹۷۰ء - ۱۹۷۲ء -
۱۹۷۴ء - ۱۹۷۶ء -

○ سلطان بک ڈپو حیدر آباد دکن ، س ـ ن ،
ص ۲۰۰ -

[آخر میں فرہنگ بھی شامل ہے]

ضربِ کلیم ، ارمغانِ حجاز (اُردو نظمیں) : منیرہ بیگم صلاح الدین
باہتمام شیخ غلام علی لاہور ، [۱۹۷۶ء] ، ص ۳٦ -
[''روشن کتابیں'' کے سلسلے میں جریدی سائز کی اشاعت]

فارسی

ارمغانِ حجاز : لاہور ، نومبر ۱۹۳۸ء ، ص ۲۸۰ -

۱۹۴۴ء - ۱۹۴۶ء - ۱۹۴۸ء - ۱۹۵۱ء - ۱۹۵۹ء - ۱۹۶۴ء -
۱۹۶٦ء - ۱۹۷۰ء - ۱۹۷۵ء -

ارمغانِ حجاز (اُردو نظمیں) : دیکھیے : ضربِ کلیم ، ارمغانِ حجاز
(اُردو نظمیں) -

اسرارِ خودی : باہتمام حکیم فقیر محمد چشتی نظامی ، لاہور ، ۱۹۱۵ء ،
ص ۱۵۵ - ترمیم شدہ اشاعت دوم : ص ۱۳۳ -

اسرار و رموز : لاہور ، س ـ ن ، ص ۱۹۵ - اشاعت دوم : ۱۹۴۰ء ،
ص ۱۹۹ -

۱۹۴۸ء - ۱۹۵۴ء - ۱۹۵۹ء - ۱۹۶۴ء - ۱۹۶٦ء - ۱۹٦۹ء -
۱۹۷۱ء - ۱۹۷۲ء - ۱۹۷۹ء -

پس چہ باید کرد اے اقوامِ شرق : کتاب خانہ طلوع اسلام ، لاہور ، ۱۹۳۶ء ، ص ۴۴ -

پس چہ باید کرد اے اقوامِ شرق مع مسافر :

○ شیخ مبارک علی لاہور ، ۱۹۴۴ء ، ص ۷۱ -

۱۹۴۷ء - ۱۹۵۸ء - ۱۹۶۴ء - ۱۹۶۶ء - ۱۹۷۲ء -

○ سید رحیم الدین حیدر آباد دکن ، س ۔ ن ، ص ۷۱ -

پیامِ مشرق : ○ مطبع جامعہ ملّیہ اسلامیہ دہلی ، ۱۹۲۳ء ، ص ۲۶۴ -

○ شیخ مبارک علی ، لاہور ، ۱۹۲۴ء - ۱۹۲۹ء -
۱۹۴۲ء - ۱۹۴۴ء - ۱۹۴۶ء - ۱۹۴۸ء -
۱۹۵۴ء - ۱۹۵۸ء - ۱۹۶۲ء - ۱۹۶۶ء -
۱۹۶۹ء - ۱۹۷۱ء - ۱۹۷۵ء -

○ سلطان بک ڈپو حیدر آباد دکن ، س ۔ ن ، ص ۱۸ + ۱۹۰ - [مع فرہنگ]

جاوید نامہ : ○ لاہور ، ۱۹۳۲ء ، ص ۲۴۶ -

۱۹۴۷ء - ۱۹۵۴ء - ۱۹۵۹ء - ۱۹۶۴ء -
۱۹۷۴ء -

○ انتظامی مشین پریس حیدر آباد ۱۹۴۵ء ، ص ۲۷۶ - [مع فرہنگ]

رموزِ بے خودی : باہتمام حکیم فقیر محمد چشتی نظامی ، لاہور ، ۱۹۱۸ء ، ص ۱۳۹ -

مزید دیکھیے : اسرار و رموز -

زبورِ عجم : لاہور ، [جون ۱۹۲۷ء] ، ص ۲۶۴ -

۱۹۴۴ء - ۱۹۴۵ء - ۱۹۴۸ء - ۱۹۵۸ء - ۱۹۶۶ء - ۱۹۷۰ء -
۱۹۷۴ء -

مسافر : وزارت اطلاعات و نشریات حکومتِ پاکستان اسلام آباد ، ۱۹۶۸ء ، ص ۵۱ -

باقیاتِ کلام

اردو

اقبال

اشکِ خوں "یعنی ترکیب بند جو ملکہ معظمہ مرحومہ محترمہ کے انتقال پُر ملال پر مسلمانانِ لاہور کے ایک ماتمی جلسہ میں پڑھا گیا" : رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز ، لاہور ، س ـ ن ، ص ۸ -

عبدالغفار شکیل (مرتب)

نوادرِ اقبال : سر سید بک ڈپو علی گڑھ ، ۱۹۶۲ء ، ص ۲۳۸ -

[وہ منظومات جو مختلف رسائل میں شائع ہوئیں مگر اقبال نے اُنھیں کسی مستقل مجموعۂ کلام میں شامل نہیں کیا]

عبدالواحد معینی ، سید (مرتب)

باقیاتِ اقبال : ○ مجلس اقبال کراچی ، ۱۹۵۲ء ، ص ۱۸۸ -

○ شیخ محمد اسرف لاہور ، س ـ ن ، ص ۱۸۸ -

[وہ منظومات جو مختلف رسائل میں شائع ہوئیں مگر اقبال نے اُنھیں کسی مستقل مجموعۂ کلام میں شامل نہیں کیا]

عبد الواحد معینی ،
محمد عبداللہ قریشی } (مرتبین)

باقیاتِ اقبال: آئینہ ادب لاہور ، ۱۹۶۶ء ، ص ۵۰۴ -

[اِس نسخے میں بکثرت اضافے کیے گئے ہیں]

غلام رسول مہر
صادق علی دلاوری } (مرتبین)

سرودِ رفتہ : ○ کتاب منزل ، لاہور ، ۱۹۵۹ء ، ص ۸ + ۴۴ + ۲۵۹ -

[اس نسخے میں اقبال کے قلم سے ''رموزِ بے حودی'' اور ''بانگِ درا'' کے بعض اشعار میں ترمیم و تصحیح کے چند نمونوں کے عکس شامل ہیں]

○ کتاب منزل ، لاہور ، ۱۹۵۹ء ، ص ۴۴ + ۲۵۹ -

